غیر مسلم اقلیت قرار دینے کا مطالبہ کیا ۔ انگریز اس مطالبے کو شرف پذیرائی بخش کر اپنے "خود کاشتہ پودے" کو کاٹ پھینکنے کی غلطی ظاہر ہے کہ نہیں کر سکتا تھا ۔ لیکن دنیا محو حیرت ہے کہ "اقبال کے پاکستان" میں اقبال کا ملی مطالبہ کیوں آج تک لائق التفات نہیں سمجھا گیا ۔ ؟

کشمیر کے تیسرے نامور فرزند صدر آزاد کشمیر سردار عبدالقیوم خاں ہیں، جنہوں نے دنیائے اسلام کے اس عظیم الشان مطالبہ کو پہلی بار آئینی شکل دینے کا فیصلہ کیا ۔ ؎ یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا ۔

کاش ! ملک کے دوسرے صوبوں کے علاوہ خود مرکز بھی اسلامی حمیت کا ثبوت دیتا اور جسد ملت کو قادیانی ناسور سے پاک کرنے کی توفیق اسے نصیب ہوتی ۔ ■■

؎ آزاد کشمیر اسمبلی کی قرار داد اقلیت کی توثیق اور اس پر عملدرآمد کے بارے میں "خاموشی" افسوسناک ہے ۔ سردار صاحب نے قادیانیوں کے بارے میں قوم سے جو وعدے کئے ہیں ۔ انہیں ایفا کرکے ہی وہ سرخرو رہ سکتے ہیں ۔ اللہ کرے وہ اس "امتحان" میں کامیاب رہیں ۔ بصورت دیگر ان کا نہ صرف سیاسی بلکہ "مذہبی ارتداد" ملت مسلمہ کے نزدیک ناقابل معافی ثابت ہوگا ۔ (الحق)

غیر مطبوعہ خطوط

عالم اسلام کی مقتدر شخصیت شیخ الاسلام مولانا حسین احمد مدنی ؒ کے مکاتیب کا مجموعہ "مکتوبات شیخ الاسلام ؒ" کے نام سے مولانا نجم الدین اصلاحی صاحب نے مرتب کیا تھا جو چار جلدوں میں شائع ہو کر اہل علم سے خراج تحسین پا چکا ہے ۔ مگر اس ضخیم و عظیم مجموعے کے باوجود مولانا مدنی ؒ کے بیسیوں مکاتیب ہنوز مجموعے کی صورت میں منظر عام پر نہیں آئے ۔ مولانا مدنی ؒ کی یہ یادگار محفوظ کرنے کے لئے ایک اور مجموعہ زیر ترتیب ہے ۔

مولانا مدنی ؒ کے شاگردوں اور متوسلین سے درخواست ہے کہ زیر ترتیب مجموعہ کے لئے مولانا مرحوم کے اصل مکاتیب یا ان کی نقل مہیا فرما کر شکریہ کا موقع دیں ۔ اصل مکاتیب استفادہ کے بعد بذریعہ رجسٹرڈ ڈاک واپس کر دئے جائیں گے ۔ مکاتیب پتہ ذیل پر بھیجے جائیں ۔

(اختر راہی
ماہنامہ "الحق" دارالعلوم حقانیہ
اکوڑہ خٹک (ضلع پشاور)

العارض :- سمیع الحق